© rasailojaraid.com

# سب سے پیارا

(مولانا عبدالقدیر صدیقی حسرت حیدرآبادی)

سب سے پیارا اللہ ہو — رہرو ہمارا اللہ ہو
خیر و شر کا مالک ہے — سب کا سہارا اللہ ہو
اس کو کمی کس شے کی ہے — جس نے پکارا اللہ ہو
مونس کنجِ تنہائی — انجمن آرا اللہ ہو
راحتِ جانِ محزوں ہے — آنکھوں کا تارا اللہ ہو
باطل کا اڑ جائے رنگ — گر ہو اشارا اللہ ہو
دردِ جدائی وہی تو ہے — وہی ہے چارا اللہ ہو
ہستیِ وہمی کو کر دے — پارا پارا اللہ ہو
خرمنِ ہستی پھونک بھی دے — بن کے شرارا اللہ ہو
کیوں نہ چہکے صبح و مسا — ہجر کا مارا اللہ ہو

راحتِ جانِ حسرت ہے
سب سے پیارا اللہ ہو

© rasailojaraid.com